کیا صاحب ترتیب مکروہ وقت میں بھی ترتیب کا لحاظ رکھے گا؟

مجیب: محمدعرفان مدنی عطاری

فتوی نمبر:WAT-1368

تاریخ اجراء:12رجب المرجب1444ھ/04فروری2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

صاحب ترتیب کی ظہر قضاہو گئی، عصر بھی نہیں پڑھی تھی کہ مکروہ وقت شروع ہو گیا، کیا کرے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

صاحب ترتیب کی ظہر کی نماز قضاہو گئی اور آج کی عصر کی نماز اس نے ابھی ادا نہیں کی تھی کہ عصر کا مکروہ وقت شروع ہو گیا(یعنی آفتاب زرد ہو گیا) تو ایسی صورت میں اس سے ترتیب ساقط ہے، وہ اس وقت میں آج کی عصر ادا کرے اور پھر غروب آفتاب کے بعد ظہر قضا کرے۔ نیز یہ یادرہے کہ عصر کی نماز کو بلاعذر شرعی مکروہ وقت تک موخر کرنا، مکروہ تحریمی ہے، پس اگر بلاعذر شرعی اتنی تاخیر کی تو اس سے توبہ بھی لازم ہے۔

بحرالرائق میں ہے "ولو نسي الظهر وافتتح العصر ثم ذكره عند احمرار الشمس يمضي لضيق الوقت و كذا لو غربت و كذا لو افتتحها عند الاصفرار ذاكرا ثم غربت اھ۔"ترجمہ: اور اگر ظہر بھول گیا اور عصر شروع کی پھر سورج متغیر ہونے پر ظہر یاد آئی تو وقت کی تنگی کی وجہ سے ظہر جاری رکھے گا۔ اور اسی طرح حکم ہے اگر سورج غروب ہو گیا اور اسی طرح حکم ہے اگر عصر کو شروع سورج زرد ہونے پر جبکہ ظہر یاد تھی پھر سورج غروب ہو گیا۔

اس کے تحت منحۃ الخالق میں ہے "(قوله يمضي لضيق الوقت) في هذا التعليل نظر بل الظاهر أن يقال لأنه لا يصح قضاء الظهر في وقت الاحمرار فإن ذلك الوقت لا يصح فيه إلا عصر يومه كما قدمناه عن شرح قاضي خان"ترجمہ: تنگی وقت کو دلیل بنانے میں نظر ہے بلکہ ظاہر یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ سورج متغیر ہونے کے وقت ظہر کی قضادرست نہیں ہوتی کیونکہ اس وقت میں صرف اس دن کی عصر ہی درست ہو سکتی ہے

،جیساکہ قاضی خان کی شرح جامع صغیر کے حوالے سے ہم نے اسے پیچھے ذکر کیا ہے۔(بحر الرائق مع منحة الخالق،باب قضاء الفوائت،ج02،ص95،دارالکتاب الاسلامی،بیروت)

غنیۃ المستملی میں ہے"ولوبقی من المستحب مالا یسع الظهر بتمامها سقط الترتیب بالاتفاق لعدم جواز الظهر فی المکروہ"ترجمہ:اوراگرعصر کا مستحب وقت اس قدر رہ گیا ہے کہ ظہر کی پوری نماز اس میں نہیں پڑھی جاسکتی تو بالاتفاق ترتیب ساقط ہے کیونکہ مکروہ وقت میں ظہر نہیں ہو سکتی۔(غنیۃ المستملی،باب قضاء الفوائت،ص 458،مطبوعہ کوئٹہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net